# Privacy notice
# Visitors to immigration detention facilities
# پرائیویسی نوٹس
# امیگریشن کے حراستی مراکز میں آنے والے ملاقاتی

Australian Government
Department of Home Affairs

Form
1553 URD
URDU

The Department of Home Affairs (ڈیپارٹمنٹ آف ہوم افیئرز) (ڈیپارٹمنٹ) میں Australian Border Force (آسٹریلین بارڈر فورس) شامل ہے۔ *Privacy Act 1988* (پرائیویسی ایکٹ *1988*) (پرائیویسی ایکٹ) ڈیپارٹمنٹ کے لیے لازم قرار دیتا ہے کہ کسی شخص کے متعلق ذاتی تفصیلات اکٹھی کرتے ہوئے ڈیپارٹمنٹ کو اسے بعض معاملات سے آگاہ کرنا ہو گا۔ اس فارم کا مقصد امیگریشن کے حراستی مرکز میں آنے کے سلسلے میں آپ کو ان معاملات سے آگاہ کرنا ہے۔

## پرائیویسی ایکٹ

Department of Home Affairs (ڈیپارٹمنٹ) پرائیویسی ایکٹ کے شیڈول 1 میں درج Australian Privacy Principles (آسٹریلیا میں پرائیویسی کے اصول) (APPs) کے تحت پابند ہے۔ APPs ضوابط یہ طے کرتے ہیں کہ ہم ذاتی تفصیلات کیسے حاصل، استعمال، ذخیرہ اور منکشف کرتے ہیں اور آپ کی جو ذاتی تفصیلات ہمارے پاس موجود ہیں، آپ کے لیے ان تک رسائی حاصل کرنا اور ان میں درستگی کروانا کیسے ممکن ہے۔

ڈیپارٹمنٹ لازم قرار دیتا ہے کہ ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ کانٹریکٹ پر کام کرنے والے سروس پرووائیڈر (پرووائیڈرز) بھی پرائیویسی ایکٹ کی تعمیل کریں۔

پرائیویسی ایکٹ اس طرح:

- حسّاس تفصیلات کے حصول کی اجازت دیتا ہے:
  - آپ کی رضامندی سے (اور جب یہ حصول معقول طور پر ضروری ہو یا ڈیپارٹمنٹ کے فرائض یا سرگرمیوں میں سے ایک یا کئی سے براہ راست وابستہ ہو)
  - 'ایسی عام صورتحال میں جس میں اجازت ہوتی ہے' (مثلاً جہاں یہ کسی فرد کی زندگی، صحت یا حفاظت یا عوام کی صحت یا حفاظت کو درپیش کسی سنگین خطرے کو کم کرنے یا روکنے کے لیے ضروری ہو)
  - جہاں یہ کسی آسٹریلین قانون یا عدالت/ٹرائبیونل کے حکم کے تحت ضروری یا منظور شدہ ہو، یا
  - نفاذ سے تعلق رکھنے والی ڈیپارٹمنٹ کی سرگرمیوں یا ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے انجام دی جانے والی سرگرمیوں کے لیے
- دیگر ذاتی تفصیلات، جہاں یہ معقول طور پر ضروری ہو یا ڈیپارٹمنٹ کے فرائض یا سرگرمیوں میں سے ایک یا کئی کے لیے ضروری یا براہ راست متعلقہ ہو

یہ نوٹس واضح کرتا ہے کہ ہم (ڈیپارٹمنٹ) آپ کی ذاتی تفصیلات کیوں حاصل کر رہے ہیں اور امیگریشن کے حراستی مرکز میں آنے کے سلسلے میں ہم ان تفصیلات کا انتظام کیسے کریں گے۔ ہمارے ذاتی تفصیلات کو برتنے کے طریقے کے متعلق مزید معلومات ڈیپارٹمنٹ کی پرائیویسی پالیسی میں دستیاب ہیں جو یہاں دیکھی جا سکتی ہے **https://www.homeaffairs.gov.au/access-and-accountability/our-commitments/privacy**

پرائیویسی پالیسی میں اس بارے میں معلومات ہیں:

- آپ ڈیپارٹمنٹ کے پاس موجود خود اپنی ذاتی تفصیلات تک کیسے رسائی حاصل کر سکتے ہیں اور درستگی کی درخواست کیسے کر سکتے ہیں
- آپ پرائیویسی کی خلاف ورزی کے متعلق کیسے شکایت کر سکتے ہیں اور شکایات پر کام کرنے کے لیے ڈیپارٹمنٹ کا طریق کار۔

## ہم آپ کی ذاتی تفصیلات کیوں حاصل کرتے ہیں

ذاتی تفصیلات حاصل کرنے سے ہمارا اوّلین مقصد *Migration Act 1958* (مائیگریشن ایکٹ *1958*) کے تحت امیگریشن کی حراست کا انتظام چلانے سے وابستہ ڈیپارٹمنٹ کے فرائض یا سرگرمیاں انجام دینا ہے۔ پرائیویسی ایکٹ کے تحت ہمیں آپ کی ذاتی تفصیلات کو اس بنیادی مقصد کے لیے استعمال یا منکشف کرنے کی اجازت ہے جس مقصد کے لیے یہ حاصل کی گئی تھیں۔

پرائیویسی ایکٹ کے تحت، معلومات کسی ثانوی مقصد کے لیے بھی استعمال یا منکشف کی جا سکتی ہیں۔ یہ اس طرح ہو سکتا ہے:

- آپ کی رضامندی سے
- جہاں آپ معقول طور پر ڈیپارٹمنٹ سے اپنی ذاتی تفصیلات کے استعمال یا انکشاف کی توقع کریں اور جہاں ثانوی مقصد یا تو بنیادی مقصد سے براہ راست وابستہ ہو (حسّاس تفصیلات کے لیے) یا (دیگر ذاتی تفصیلات کے لیے) بنیادی مقصد سے وابستہ ہو
- جہاں معلومات کا استعمال یا انکشاف کسی آسٹریلین قانون یا عدالت/ٹرائبیونل کے حکم کی وجہ سے یا اس کے تحت ضروری ہو یا اس کی اجازت ہو
- 'ایسی عمومی صورتحال میں جس میں اجازت ہوتی ہے' (مثلاً جہاں یہ کسی فرد کی زندگی، صحت یا حفاظت یا عوام کی صحت یا حفاظت کو درپیش کسی سنگین خطرے کو کم کرنے یا روکنے کے لیے ضروری ہو)
- نفاذ سے متعلقہ مقاصد کے لیے

اپنے کانٹریکٹ پر کام کرنے والے سروس پرووائیڈر (پرووائیڈرز) کے ذریعے ڈیپارٹمنٹ مندرجہ ذیل کی حفاظت، اچھے نظم یا سیکیورٹی کے مقصد سے آپ سے ذاتی تفصیلات حاصل کرتا ہے:

- امیگریشن کا حراستی مرکز
- امیگریکشن کا حراستی نیٹ ورک اور/یا
- امیگریشن کے حراستی مرکز کا تمام عملہ، زیر حراست افراد اور ملاقاتی۔

اس میں صحت سے تعلق رکھنے والے خطرات کو پہچاننا اور انہیں سنبھالنا اور چھوتی بیماریوں کی روک تھام یا انتظام کے لیے مناسب احتیاطی اقدامات عمل میں لانا شامل ہے۔

© COMMONWEALTH OF AUSTRALIA, 2022

ان معلومات سے ڈیپارٹمنٹ کو *Work Health and Safety Act 2011* (Cth) (WHS Act) (کام پر صحت اور حفاظت کا ایکٹ *2011*) کے حصہ 2 میں درج 'صحت اور حفاظت کے فرائض' کے تحت، جس حد تک یہ معقول طور پر عملاً ممکن ہو، اپنے کارکنوں اور دیگر افراد کی صحت اور حفاظت کی ذمہ داریاں پوری کرنے میں مدد ملتی ہے۔

## اگر ڈیپارٹمنٹ آپ کی ذاتی تفصیلات حاصل نہ کرے تو اس کے نتائج

اگر آپ کی ذاتی تفصیلات حاصل نہ کی جائیں تو امیگریشن کے حراستی مرکز میں آنے یا امیگریشن کے حراستی مرکز میں کسی شخص سے ملنے کے لیے آپ کی درخواست پر کارروائی نہیں کی جا سکتی۔

## ہم آپ کی ذاتی تفصیلات کیسے حاصل کرتے ہیں

آپ کی ذاتی تفصیلات بالعموم کانٹریکٹ پر کام کرنے والے سروس پرووائیڈر کا عملہ حاصل کرے گا جو ملاقاتیوں کی درخواستوں پر غور کر رہا ہو اور/یا امیگریشن کے حراستی مراکز میں ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے سکریننگ انجام دے رہا ہو۔ بالعموم معلومات براہ راست آپ سے حاصل کی جائیں گی۔

آپ کی ذاتی تفصیلات کا حصول آپ کی مرضی پر منحصر ہے لیکن اگر آپ کی ذاتی تفصیلات حاصل نہ کی جائیں تو آپ کی امیگریشن کے حراستی مرکز میں آنے یا امیگریشن کے حراستی مرکز میں کسی شخص سے ملاقات کی درخواست پر کارروائی نہیں کی جا سکتی۔

آپ کی ذاتی تفصیلات کو امیگریشن کے حراستی مرکز میں ایک رجسٹر میں شامل کر لیا جائے گا اور یہ ڈیپارٹمنٹ کے فرائض یا سرگرمیوں کی انجام دہی کے مقصد سے، یا جہاں کوئی آسٹریلین قانون دیگر طور پر اس کی اجازت دیتا ہو تو اس کے لیے، ڈیپارٹمنٹ کے دوسرے حصوں کو فراہم کی جا سکتی ہیں۔

ممکن ہے امیگریشن کے حراستی مرکز میں ہر جگہ کلوزڈ سرکٹ ٹیلیویژن (CCTV) چل رہا ہو۔ بذریعہ CCTV نگرانی کے نتیجے میں آپ کی تصویر اور گفتگو اس میں محفوظ ہو سکتی ہے۔ CCTV سے حاصل کردہ آڈیو اور وڈیو کو رازدارانہ طور پر برتا جائے گا اور انہیں صرف مندرجہ بالا مقاصد کے لیے استعمال یا منکشف کیا جائے گا یا جہاں کوئی آسٹریلین قانون دیگر طور پر یہ ضروری قرار دیتا ہو یا اس کی اجازت دیتا ہو۔

## ہم آپ کی ذاتی تفصیلات کس پر منکشف کرتے ہیں

آپ کی تفصیلات کو رازدارانہ طور پر برتا جائے گا اور انہیں صرف اس نوٹس میں واضح کیے گئے مقاصد کے لیے استعمال یا منکشف کیا جائے گا یا جہاں پرائیویسی ایکٹ یا کوئی دوسرا آسٹریلین قانون یہ ضروری قرار دیتا ہو یا اس کی اجازت دیتا ہو۔

آسٹریلین قانون سے مراد کامن ویلتھ یا سٹیٹ یا ٹیریٹری کا قانون ہے۔

ڈیپارٹمنٹ ذاتی تفصیلات کو آسٹریلین (کامن ویلتھ یا سٹیٹ یا ٹیریٹری کی) نفاذ کروانے والی ایجنسیوں یا اداروں جیسے آسٹریلین فیڈرل پولیس اور/یا سٹیٹ یا ٹیریٹری کی پولیس فورس یا سروس، پر منکشف کر سکتا ہے جس کا مقصد آپ کی ملاقات کی درخواست پر غور کرنا ہے، یا جہاں یہ نفاذ سے متعلقہ کسی سرگرمی کے لیے ضروری ہو، جس میں روک تھام، دریافت، چھان بین اور قانونی کارروائی یا جرم کی سزا شامل ہے۔

ہم آپ کے متعلق معلومات کامن ویلتھ، سٹیٹ یا ٹیریٹری کی حکومت کے ان اداروں کو دے سکتے ہیں جو صحت اور بائیوسیکیورٹی کے قوانین کے انتظام کے لیے ذمہ دار ہیں۔

## سمندرپار وصول کنندگان پر ذاتی تفصیلات کا انکشاف

آپ کی ذاتی تفصیلات آپ کی رضامندی کے بغیر، یا پرائیویسی ایکٹ کے شیڈول 1 میں APP 6 اور APP 8 کی رو سے اجازت کے علاوہ، سمندر پار وصول کنندگان پر منکشف نہیں کی جائیں گی۔

## آپ اپنی ذاتی تفصیلات تک رسائی کیسے حاصل کر سکتے ہیں یا ان میں درستگی کیسے کروا سکتے ہیں

آپ *Freedom of Information Act 1982* (Cth) (معلومات تک رسائی کی آزادی کا ایکٹ *1982*) اور پرائیویسی ایکٹ کے تحت اپنی ذاتی تفصیلات تک رسائی حاصل کرنے اور ان میں درستگی کی درخواست کر سکتے ہیں۔ ہماری پرائیویسی پالیسی واضح کرتی ہے کہ آپ ہمارے پاس موجود اپنی ذاتی تفصیلات تک رسائی کی درخواست کیسے کر سکتے ہیں اور ان میں درستگی کی درخواست کیسے کر سکتے ہیں۔

## تشویشیں اور شکایات

ڈیپارٹمنٹ کو جو ذاتی تفصیلات دی جائیں، ڈیپارٹمنٹ پرائیویسی ایکٹ کے مطابق ان کے تحفظ کا عزم رکھتا ہے۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ ڈیپارٹمنٹ نے آپ کی ذاتی تفصیلات کو اس انداز میں برتا ہے جو APPs میں درج ہماری ذمہ داریوں کی خلاف ورزی ہے تو ہماری پرائیویسی پالیسی واضح کرتی ہے کہ آپ کیسے شکایت کر سکتے ہیں اور ہم آپ کی شکایت پر کیسے کام کرتے ہیں۔

## آپ ہم سے کیسے رابطہ کر سکتے ہیں

مکمل رابطہ تفصیلات ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائیٹ پر مل سکتی ہیں: **www.homeaffairs.gov.au**

یا آپ اس طرح ہمیں اپنی رائے دے سکتے ہیں:

- آن لائن فیڈبیک فارم استعمال کر کے
- اس پتے پر خط لکھ کر:

The Manager Global Feedback Unit
GPO Box 241
Melbourne VIC 3001 Australia


© COMMONWEALTH OF AUSTRALIA, 2022